تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : محبت رسول ﷺ
مصنف : ابوکلیم مقصود الحسن فیضی
ضخامت : 270 صفحات
قیمت : 120 روپے
ملنے کا پتہ : مکتبہ نور اسلام' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار لاہور

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ محبت رکھنا تقاضائے ایمان ہے' جس کا آغاز ایمان بالرسالت کے عقیدے سے ہو جاتا ہے۔ رسول' اللہ کے برگزیدہ بندے ہوتے ہیں جو انسانوں کی ہدایت کے لئے بھیجے جاتے ہیں۔ ان میں سب سے افضل حضرت محمد ﷺ ہیں' جن کی رسالت پر ایمان قیامت تک آنے والے انسانوں پر لازم ہے۔ رسالت پر ایمان کا لازمی نتیجہ محبت رسول ﷺ ہے۔

مؤلف نے اس کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی محبت کی حقیقت اور اس کے تقاضے بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب مقدمہ کے علاوہ چھ فصول پر مشتمل ہے۔ ہر فصل جامع معلومات اور ہدایات کا خزانہ ہے' جس میں ذیلی عنوانات قائم کر کے سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے جو مستند اسلامی کتب کے حوالہ جات سے مزین ہے۔ کتاب میں محبت رسول ﷺ کے فوائد' محبت رسول ﷺ میں اضافے کے اسباب اور نبی ﷺ سے محبت کی علامات کا تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔

محبت ایک جذبے کا نام ہے' جس میں غلو کا در آنا بعید از قیاس نہیں۔ چنانچہ کتاب کی